484

52:سورة الطور

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	رکوع نمبر	آیات شمار	پارہ شمار	نام پارہ
52	سُوْرَةُ الطُّوْر	مکی	2	49	27	قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آیات نمبر 1 تا 28 میں مشرکین کو انتباہ کہ جس عذاب سے انہیں ڈرایا جارہاہے وہ ایک حقیقت ہے۔ قیامت کے دن منکرین کو آتش جہنم میں ڈالنے کا ایک منظر۔اس دن اہل ایمان اللہ کی عطا کی ہوئی نعمتوں سے لطف اندوز ہورہے ہوں گے۔ جنت کے باغوں میں اہل ایمان کو نعمتیں عطا کرنے کے مناظر۔

وَ الطُّوْرِ ۝١ وَ كِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝٢ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝٣ قسم ہے کوہ طور کی اور اس لکھی
ہوئی کتاب کی جو کھلے کاغذ پر لکھی ہوئی ہے وَّ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝٤ وَ السَّقْفِ
الْمَرْفُوْعِ ۝٥ وَ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝٦ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝٧ مَّا لَهٗ مِنْ
دَافِعٍ ۝٨ اور قسم ہے آباد گھر کی اور اونچی اٹھائی ہوئی چھت کی اور جوش مارنے والے
سمندر کی کہ بے شک آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا، اسے کوئی روکنے والا نہیں
يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝٩ وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝١٠ جس دن آسمان تیزی سے
لرزنے لگے گا اور پہاڑ تیزی سے اڑتے پھریں گے، ذرات بن کر ہوا میں اڑ جائیں گے
فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝١٢ سو اس دن ان
جھٹلانے والوں کے لئے بڑی تباہی ہے جو بے ہودہ نکتہ چینیوں میں مشغول رہتے ہیں يَوْمَ
يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝١٣ جس دن ان لوگوں کو دھکے دے کر آتش جہنم میں

دھکیل دیا جایا جائے گا هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ اور ان سے کہا
جائے گا کہ یہ ہے جہنم کی وہ آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھے اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا
تُبْصِرُوْنَ ﴿١٥﴾ کیا یہ جادو ہے یا تمہیں اب بھی نظر نہیں آتا؟ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ
لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ اس جہنم میں
داخل ہو جاؤ! اب تم صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے دونوں برابر ہیں، بس تمہیں ویسا ہی بدلہ
دیا جارہا ہے جیسے اعمال تم کرتے رہے ہو اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ نَعِيْمٍ ﴿١٧﴾ اس کے
برعکس پرہیزگار لوگ جنت کے باغات اور مختلف قسم کی نعمتوں میں ہوں گے فٰكِهِيْنَ
بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾ اپنے رب کی عطا کردہ
نعمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے، ان کا رب انہیں جہنم کے عذاب سے محفوظ
رکھے گا كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓــًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ ان سے کہا جائے گا کہ
خوب مزے سے کھاؤ اور پیو، یہ ان نیک اعمال کا صلہ ہے جو تم دنیا میں کرتے رہے تھے
مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿٢٠﴾ وہ قطار در قطار مسندوں
پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اور دلکش آنکھوں والی حوروں کو ہم ان کی زوجیت میں دے
دیں گے وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ
وَ مَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد بھی
ایمان لا کر ان کے نقش قدم پر چلتی رہی تو ان کی اس اولاد کو بھی ہم جنت میں ان کے ساتھ
ملا دیں گے اور اس کے بدلے میں ہم ان جنتیوں کے اعمال کے صلہ میں سے کچھ بھی کم
نہیں کریں گے، یہ اعلیٰ درجہ کے جنتیوں کے اکرام کے طور پر کیا جائے گا کہ ان کی وہ اولاد جو

جنت میں ان سے نچلے درجات میں ہے اسے بھی ان کے ساتھ ملا دیا جائے گا ، لیکن ہر شخص کا
جنت میں داخلہ اس کے اپنے اعمال ہی کی بنیاد پر ہو گا كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾
ہر شخص اپنے اعمال کے ساتھ بندھا ہوا ہے ، جو لوگ ایمان نہیں لائے ان کے ساتھ کوئی
رعایت نہیں ہے انہیں دستور کے مطابق ان کے اعمال کے مطابق ہی سزا ملے گی وَ
اَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ اور ہم ان جنتیوں کو جس قسم کے پھل
اور گوشت وہ چاہیں گے مسلسل فراہم کرتے رہیں گے يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ
فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وہ جنت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھ کر ، شراب کے جام لے
رہے ہوں گے ، ایسی شراب کہ جسے پی کر نہ وہ فحش گوئی کریں گے اور نہ کوئی گناہ کا کام وَ
يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ اور ان کی خدمت کے لئے
غلمان ان کے گرد گھومتے ہوں گے ، گویا وہ غلاف میں چھپائے ہوئے موتی ہیں وَ اَقْبَلَ
بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ اور وہ اہل جنت ایک دوسرے کی جانب متوجہ ہو
کر آپس میں گفتگو کریں گے قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ اور کہیں
گے کہ اس سے پہلے ہم دنیا میں اپنے گھر میں اللہ سے ڈرتے رہتے تھے فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا
وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ آخر کار اللہ نے ہم پر احسان فرمایا اور ہمیں جہنم کی جھلسا
دینے والی ہوا کے عذاب سے بچا لیا اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ
الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾ ہم اس سے پہلے دنیا میں اسی کو پکارا کرتے تھے ، بلاشبہ وہ بڑا احسان کرنے والا
اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے رکوع [۱]

[# 484]

نام پارہ	پارہ شمار	آیات شمار	رکوع نمبر	مکی / مدنی	نام سورہ	ترتیبِ تلاوت
قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ	27	49	2	مکی	سُوْرَةُ الطُّوْر	52

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful

Verses 1 to 28 contain a warning to the polytheists that the punishment they are being warned of is a reality. A scene is depicted where the disbelievers will be cast into the blazing Fire on the Day of Resurrection. On that Day, the believers will be enjoying the blessings granted to them by Allah. Scenes are described where the believers are being granted bounties in the gardens of Paradise.

وَ الطُّوْرِ ۝١ وَ كِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝٢ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝٣

By the Mount [Tur],
And by the book inscribed,
On an open, unrolled parchment.

وَّ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝٤ وَ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝٥ وَ الْبَحْرِ
الْمَسْجُوْرِ ۝٦ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝٧ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝٨

And by the [sacred] house frequently visited, and by the lofty raised canopy, And by the surging sea. Indeed, the punishment of your Lord will surely come to pass. There is none who can avert it.

يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝٩ وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝١٠

The Day when the sky will sway with a great shaking, And the mountains will fly about with a mighty motion.

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ
يَّلْعَبُوْنَ ۝١٢

So, on that Day, woe to those who denied [the truth]. Those who are playing in falsehood.

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾

The Day, they [who disbelieve] will be shoved into the Fire of Hell.

هٰذِهِ النَّارُ الَّتِىْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾

[And it will be said to them]: 'This is the Fire which you used to belie! '

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾

Is this magic, or do you still not see it?

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا
تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

Enter to [burn in this Fire of Hell]! Whether [you endure it] patiently or impatiently, it is the same for you. You are only being recompensed for what you used to do.

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ نَعِيْمٍ ﴿١٧﴾

Indeed, the righteous will be amid Gardens [of Paradise] and [pure] delights.

فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾

Enjoying what their Lord has given them, and their Lord will have saved them from the punishment of the [blazing] Fire of Hell.

كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔۢا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾

[It will be said to them]: Eat and drink happily, for what you used to do [in the world].

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

They will be reclining on thrones lined up in rows [facing each other], and We will marry them to fair women with large, [beautiful] eyes.

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ
ذُرِّيَّتَهُمْ وَ مَاۤ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

And those who [in the world] believed, and their children followed them in faith - We will unite their children with them, and We will not deprive them of anything from [the reward of] their deeds.

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾

Everyone is pledged for what he has earned.

اَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ﴿۲۲﴾

And We will provide them with fruit and meat, whatever they desire.

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ﴿۲۳﴾

They will pass around to one another a cup [of wine], which [when consumed] will not give rise to obscene talk and neither incite to sin.

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ﴿۲۴﴾

And there will circulate among them [servant] boys [devoted] to them, as if they were pearls well-preserved.

وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾

And they will approach one another, inquiring about each other.

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾

And they will say, 'Indeed, we were previously among our people [but always] fearful [of Allah].

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾

So, Allah graciously favored us and saved us from the torment of the scorching heat [of Hell Fire].

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۠﴿۲۸﴾

رکوع[۱]

Indeed, we used to call upon Him [alone] before. Truly, He is the Most Kind, Most Merciful.